**By PUCARS & Courier**

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

2nd January 2018

Dear Sir,

Re: **Notice of 23rd Annual General Meeting**

We enclose a copy of the notice of the 23rd Annual General Meeting of Byco Petroleum Pakistan Limited to be held on Thursday, 25th January 2018, prior to its publication in the newspapers for circulation amongst the TRE certificate holders of the Exchange.

Yours truly,

Majid Muqtadir
Company Secretary

Enclosed as above.

Copy to: The Commissioner,
Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), Islamabad

Reference: BPPL/COR/PSX/080

**Byco Petroleum Pakistan Limited**

The Harbour Front, 9th Floor, Dolmen City
HC-3, Block 4, Marine Drive, Clifton
Karachi - 75600, Pakistan

UAN: (92 21) 111 222 081
Fax: (92 21) 111 888 081
Web: www.byco.com.pk

# Byco Petroleum Pakistan Limited

## Notice of 23rd Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 23rd Annual General Meeting of Byco Petroleum Pakistan Limited will be held on Thursday, 25th January 2018 at 9:00 am at the Moosa D. Desai Auditorium, ICAP, Clifton, Karachi to transact the following businesses:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of the 22nd Annual General Meeting of the Company held on 26th October 2016.
2. To receive, consider and adopt the audited unconsolidated and consolidated financial statements for the financial year ended 30th June 2017, together with the Directors' and Auditors' reports thereon.
3. To re-appoint the auditors for the financial year 2017-18 and to fix their remuneration.

**SPECIAL BUSINESS**

1. Pursuant to the Companies (E-Voting) Regulations, 2016 (the "Regulations") members are entitled to vote electronically and for the purpose appoint a member as proxy.
   Approval of the members is accordingly sought for amendment in the Company's Articles of Association in order to conform them, with the requirements of the Regulations, and to pass, if deemed appropriate, with or without modification, the following resolutions, as Special Resolutions:
   **"RESOLVED THAT** as and by way of Special Resolution that:
   (i) Article 76 of the Articles of Association be deleted and replaced by the following new Article 76:
   '76. The instrument appointing a proxy shall be in writing under the hand of the appointor or of his attorney duly authorised in writing, or, if the appointor is a corporation either under the common seal, or under the hand of an officer or attorney so authorised. No person shall act as a proxy unless he is a member of the Company, provided, however, that for E-Voting a non-member may also be appointed and act as proxy.'
   (ii) Article 78 of the Articles of Association be amended by deleting the first sentence thereof and replacing it with the following new sentence:
   '78. An instrument appointing a proxy may be in the following form, or in the form specified for E-voting in Schedule II to the Companies (E-Voting) Regulations, 2016, or in any other form approved by the Directors:'
   **FURTHER RESOLVED THAT** the Chief Executive Officer and the Company Secretary be and hereby are jointly and singularly authorised to do all such acts and take all such steps as may be necessary or desirable to give effect to the foregoing resolutions."
2. The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has allowed companies to circulate the annual audited accounts to members via CD or DVD or USB at their registered addresses, subject to the conditions specified there for. Accordingly, consent of the members is sought for transmission of the annual audited accounts of the Company via CD or DVD or USB and to pass, if deemed appropriate, with or without modification, the following special resolutions:
   **"RESOLVED THAT** the Company may transmit the annual audited accounts to the members via, email or other electronic and digital means or CD or DVD or USB instead of hard copies, as allowed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.
   **RESOLVED FURTHER THAT** the Chief Executive Officer and the Company Secretary be and hereby are jointly and singularly authorised to do all such acts and take all such steps as may be necessary or desirable to give effect to the foregoing resolutions."

**By Order of the Board**

Majid Muqtadir — 3rd January 2018
Company Secretary — Karachi

A statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 pertaining to the Special Business is annexed.

**NOTES:**

**Closure of Share Transfer Books**

The register of members and the share transfer books of the Company will remain closed from Thursday, 18th January 2018 until Thursday, 25th January 2018 (both days inclusive).

**Participation in the Meeting**

Only persons whose names appear in the register of members of the Company as on Wednesday, 17th January 2018, are entitled to attend, participate in, and vote at the Meeting.
A member entitled to attend and vote may appoint another member as proxy to attend and vote on his/her behalf. Proxies must be received at the registered office of the Company not less than 48 hours before the time for holding the Meeting. A form of proxy is included in the Company's Annual Report.

**Guidelines for CDC Account Holders**

CDC account holders should comply with the following guidelines of the SECP:

**For Attendance**

a) Individuals should be account holder(s) or sub-account holder(s) and their registration details should be uploaded according to CDC regulations and must establish their identity at the time of the Meeting by presenting their original Computerized National Identity Card (CNIC) or passport.
b) Unless provided earlier, corporate entities must at the time of the Meeting produce a certified copy of a resolution of their Board of Directors or a Power of Attorney, bearing the specimen signature of the attorney.

**For Appointing Proxies**

a) Individuals should be account holder(s) or sub-account holder(s) whose registration details should be uploaded according to CDC regulations and their proxy forms must be submitted at the registered office of the Company not less than 48 hours before the time for holding the Meeting.
b) The proxy form must be attested by two persons whose names, addresses and CNIC numbers must be specified therein.
c) Attested copies of the CNIC or passport of the beneficial owner and the proxy must be provided along with the form of proxy.
d) Proxies must at the time of the Meeting produce their original CNIC or passport.
e) Unless provided earlier, corporate entities must at the time of the Meeting produce a certified copy of a resolution of their Board of Directors or a Power of Attorney, bearing the specimen signature of the attorney.

**Dividend Bank Mandate**

Members may authorize the Company to credit his/her future cash dividends directly into his/her bank account. Members who would like future cash dividends to be credited directly into their bank accounts should mark the 'YES' box below and provide the required information under signature to the Shares Registrar.

Yes ☐ No ☐

| | |
|---|---|
| Folio Number: | |
| Name of Shareholder: | |
| Title of the Bank Account: | |
| Bank Account Number (IBAN): | |
| Name of Bank: | |
| Name of Bank Branch and Address: | |
| Cellular Number of shareholder: | |
| Landline Number of shareholder: | |
| CNIC / NTN Number (Attach copy): | |

______________________

**Signature of Member**
(Signature must match specimen signature registered with the Company)

Members holding shares in CDC accounts should update their bank mandates, if any, with the respective participants.

**Intimation of Change of Address**

Members holding share certificates should notify any change in their registered address and, if applicable, submit their non-deduction of zakat declaration form to the Shares Registrar.
Members holding shares in CDC / participant accounts should update their addresses and, if applicable, submit their non-deduction of zakat declaration form to the CDC or the respective participants / stockbrokers.

**Submission of CNIC Copies**

A list of members who have not submitted copies of their CNICs be viewed on the Company's website www.byco.com.pk.

**Electronic Transmission of Financial Statements and Notice of AGM**

Members who have provided email addresses in the required consent form will receive the Audited Financial Statements along with the notice of the Annual General Meeting by email.
Members who would like to receive the Annual Report by email should provide their email addresses to the Company Secretary. A consent form for receiving the Annual Report by email may be downloaded from the Company's website.

**Video Conference Facility**

Members can also avail video conference facility at Lahore and Islamabad. In this regard, please fill the requisite form (available on Company's website www.byco.com.pk) and submit to registered address of the Company 10 days before holding of the Annual General Meeting.
If the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to date of meeting, the Company will arrange video conference facility in the city subject to availability of such facility in that city.
The Company will intimate members regarding venue of video conference facility at least 5 days before the date of the Annual General Meeting along with complete information necessary to enable them to access the facility.

**Statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 pertaining to the Special Businesses**

This statement sets forth the material facts concerning the special business listed hereinabove, to be transacted at the 23rd Annual General Meeting of the Company to be held on 25th January 2018.

**Agenda Item 1:**

To give the effect of the Companies (E-Voting) Regulations, 2016, the shareholders' approval is being sought to amend the articles of association of the Company to enable e-voting which will give the members option to be part of the decision making in the general meeting of the Company through electronic means.

**Agenda Item 2:**

In order to implement SECP directives with respect to transmission/circulation of annual audited accounts through CD/DVD/USB instead of hard copies, resolution is part of the notice for approval of shareholders to adopt the newly introduced mode of transmission.

byco

# بائیکو پیٹرولیم پاکستان لمیٹڈ

# نوٹس برائے 23 واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ بائیکو پیٹرولیم پاکستان لمیٹڈ کا 23 واں سالانہ اجلاس عام جمعرات، 25 جنوری 2018 کو صبح 9 بجے موسیٰ ڈی ڈیسائی آڈیٹوریم، دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کراچی، پاکستان میں مندرجہ ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور**

1- 26 اکتوبر 2016 کو منعقدہ 22 واں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کے نکات کی توثیق کرنا۔

2- 30 جون 2017 کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے لئے آڈٹ شدہ مجموعی اور غیر مجموعی مالیاتی گوشواروں بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور انہیں اختیار کرنا۔

3- مالی سال 18-2017 کے لئے آڈیٹرز کی دوبارہ تعیناتی اوران کا مشاہرہ طے کرنا۔

**خصوصی امور**

1- کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016 (ریگولیشنز) کے مطابق اراکین الیکٹرانک طریقے سے ووٹ دینے اوراپنی جگہ پر کسی دوسرے رکن کی تعیناتی کے حقدار ہیں۔

کمپنی کے قواعد وضوابط میں تبدیلی کیلئے اراکین کی منظوری مطلوب ہے تاکہ ریگولیشنز کے قواعد سے مطابقت کے ساتھ خصوصی قراردوں کے طور پر درج ذیل قراردادیں اگر مناسب نظر آئیں توکسی تبدیلی یا تبدیلی کے بغیر منظور کی جائیں۔

خصوصی قراردادوں کے ذریعے یہ قرارداد لائی جاتی ہے۔

i- ''قواعد وضوابط کے آرٹیکل 76 کو تبدیل کر کے اسکی جگہ درج ذیل نیا آرٹیکل 76 لایا جائے۔''

**نیا آرٹیکل 76**

''کسی نامزد شخص کی تعیناتی منتخب شخص یا اسکے اٹارنی کی تحریری تصدیق کے ساتھ ضروری ہے، اگر کوئی منتخب ادارہ ہے یا مشترکہ سیل کے تحت یا کسی افسر کی تصدیق کے تحت یا اٹارنی سے بااختیار ہو۔ ایسا کوئی شخص بطور نامزد نمائندہ کام نہیں کرے گا جب تک وہ کمپنی کا رکن نہ ہو، تاہم ای ووٹنگ کے لئے ایک غیر رکن کو تعینات کیا جاسکتا ہے اور وہ بطور نمائندہ کام کرسکتا ہے۔''

ii- قواعد وضوابط کے آرٹیکل 78 کے پہلے جملے کو ہٹا کر اسکی جگہ درج ذیل نئی تبدیلی لائی جائے گی۔

**آرٹیکل 78 کا نیا ابتدائی جملہ**

''کسی رکن کی طرف سے نمائندے کی نامزدگی درج ذیل فارم یا فارم میں کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016 کے شیڈول 2 کی وضاحت سے ہو، یا کسی بھی شکل میں ڈائریکٹرز کی منظوری سے ہو۔''

قرارداد میں مزید یہ ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری انفرادی اور مشترکہ طور پر تمام ایسے کام کریں اور ایسے اقدامات اٹھائیں جن کی بدولت قراردادوں پر عمل درآمد کے لئے ضروری یا مطلوبہ انداز سے کام کیا جاسکے۔

2- سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیوں کو اجازت دے دی ہے کہ وہ سالانہ آڈٹ شدہ گوشوارے اپنے اراکین کو سی ڈی یا ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے ان کے رجسٹرڈ پتے پر بھیجیں۔ اس کے مطابق سی ڈی یا ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ گوشواروں کی ترسیل کے لئے اراکین کی رضامندی اور منظوری مطلوب ہے۔ اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قرارداد کو خصوصی قراردادوں کے طور پر تبدیلی یا بغیر تبدیلی کے ساتھ منظور کیا جائے۔

''قرارداد یہ کہ کمپنی سالانہ آڈٹ شدہ گوشوارے کو اراکین تک ہارڈ کاپیوں کے بجائے ای میل یا دیگر الیکٹرانک و ڈیجیٹل ذرائع یا سی ڈی یا ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے فراہم کی جائے جیسا کہ سیکورٹیز ایکسچینج اینڈ کمیشن آف پاکستان نے اجازت دی ہے۔

قرارداد میں مزید یہ ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری انفرادی اور مشترکہ طور پر تمام ایسے کام کریں اور ایسے اقدامات اٹھائیں جن کی بدولت قراردادوں پر عمل درآمد کے لئے ضروری یا مطلوبہ انداز سے کام کیا جائے۔''

**بحکم بورڈ**

**ماجد مقتدر** — **3 جنوری، 2018**

**کمپنی سیکریٹری** — **کراچی**

خصوصی امور سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت اعلامیہ منسلک ہے۔

**نوٹس:**

**شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش**

اراکین کا رجسٹر اور کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بدستور جمعرات، 18 جنوری 2018 سے جمعرات، 25 جنوری 2018 تک بند رہیں گی۔ (دونوں دن شامل ہیں)۔

**اجلاس میں شرکت**

صرف وہ کمپنی اراکین ہی اجلاس میں آنے، شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ہوں گے جن کے نام بدھ 17 جنوری 2018 کو کمپنی کے رجسٹر برائے ممبران میں درج ہوں گے۔

اجلاس میں شرکت کا اہل کوئی بھی رکن اپنی جگہ کسی دوسرے رکن کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے نامزد کرسکتا/کرسکتی ہے۔ ایسی نامزدگی غیر معمولی اجلاس عام کے شیڈول سے 48 گھنٹے پہلے تک رجسٹرڈ آفس کو موصول ہونا لازمی ہے۔ ایسی نامزدگیوں کے لئے فارم کمپنی کی سالانہ رپورٹ میں شامل ہے۔

**سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے رہنما اصول**

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ایس ای سی پی کے درج ذیل رہنما اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔

**حاضری کے لئے**

الف۔ افراد اکاؤنٹ ہولڈر(ز) یا سب اکاؤنٹ ہولڈر(ز) ہونے چاہئیں اوران کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہونی چاہئیں۔ اجلاس کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ لازمی پیش کرنا ہوگا۔

ب۔ پہلے سے عدم فراہمی کی صورت میں کارپوریٹ ادارے اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد کی سند یافتہ نقل یا اٹارنی کے دستخط کے ساتھ پاور آف اٹارنی لازمی پیش کریں۔

**نامزدگیوں کے لئے تقرر**

الف۔ افراد اکاؤنٹ ہولڈر(ز) یا سب اکاؤنٹ ہولڈر(ز) ہونے چاہئیں اور ان رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی کے قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہونی چاہئیں اوران کے نامزدگی فارم اجلاس منعقد ہونے سے 48 گھنٹے پہلے تک کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر لازمی جمع ہوجانی چاہئیں۔

ب۔ نامزدگی فارم لازمی طور پر دوافراد سے تصدیق شدہ ہو اوران کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر بھی فارم پر درج ہونے چاہئیں۔

ج۔ مستفید مالکان اور نامزد افراد کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیقی نقول نامزدگی فارم کے ساتھ پیش کرنا ضروری ہے۔

د۔ اجلاس کے وقت نامزد افراد اپنا اصلی سی این آئی سی یا پاسپورٹ لازمی پیش کریں۔

ہ۔ پہلے سے عدم فراہمی کی صورت میں کاروباری ادارے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرار کی سند یافتہ نقل یا اٹارنی کے دستخط کے ساتھ پاور آف اٹارنی لازمی پیش کریں۔

**ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ**

اراکین کمپنی کو اختیار دیتے ہیں کہ ان کے مستقبل کے نقد ڈیویڈنٹ براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کئے جائیں۔ ایسے اراکین جو مستقبل کا کیش ڈیویڈنڈ اپنے بینک اکاؤنٹس میں براہ راست منتقل کرنا چاہتے ہیں وہ نیچے خانے پر 'ہاں' کے آپشن پر نشان لگائیں اور دستخط کے تحت مطلوبہ معلومات شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

ہاں ☐ نہیں ☐

| | |
|---|---|
| فولیو نمبر: | |
| شیئر ہولڈر کا نام: | |
| بینک اکاؤنٹ کا ٹائٹل: | |
| بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این): | |
| بینک کا نام: | |
| بینک کی برانچ کا نام و پتہ: | |
| شیئر ہولڈر کا موبائل نمبر: | |
| شیئر ہولڈر کا لینڈ لائن نمبر: | |
| سی این آئی سی/ این ٹی این نمبر (نقل منسلک): | |

______________

**رکن کے دستخط**

(دستخط کمپنی میں رجسٹرڈ نمونے کے مطابق ہونے چاہئیں)۔

**سی ڈی سی اکاؤنٹس میں شیئرز رکھنے والے اراکین متعلقہ شرکاء کے ساتھ اپنے بینک مینڈیٹس کو اپ ڈیٹ کریں، اگر ہوں۔**

**پتے میں تبدیلی**

شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے اراکین اپنے رجسٹرڈ پتے میں کسی تبدیلی پر اطلاع دیں اور زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا فارم بھی شیئرز رجسٹرار کو جمع کرائیں (اگر قابل اطلاق ہو)۔

سی ڈی سی میں شیئرز رکھنے والے اراکین یا شرکاء اپنے پتے اپ ڈیٹ کریں اور اگر قابل عمل ہو تو زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا فارم سی ڈی سی یا متعلقہ شرکاء یا اسٹاک بروکرز کو جمع کرائیں۔

**سی این آئی سی کی نقول**

وہ اراکین جنہوں نے اپنے سی این آئی سی کی نقول جمع نہیں کرائیں، ان کی فہرست کمپنی کی ویب سائٹ **www.byco.com.pk** سے ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

**مالیاتی گوشواروں کی الیکٹرانک طریقوں سے منتقلی اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس**

وہ اراکین جنہوں نے مطلوبہ رضامندی کے فارم میں ای میل ایڈرس فراہم کیا ہے، وہ سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ای میل پر وصول کریں گے۔ وہ اراکین جو ای میل پر سالانہ رپورٹ وصول کرنے کے خواہاں ہیں وہ اپنا ای میل ایڈریس کمپنی سیکرٹری کو فراہم کریں۔ سالانہ رپورٹ کی ای میل کے ذریعے وصولی کے لئے راضی نامہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

**ویڈیو کانفرنس کی سہولت**

لاہور اور اسلام آباد میں اراکین ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ اس حوالے سے کمپنی کی ویب سائٹ (**www.byco.com.pk**) پر موجود مطلوبہ فارم جمع کرائیں اور سالانہ عام اجلاس کے انعقاد سے 10 روز پہلے تک کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کرائیں۔

اگر کمپنی کے 10 فیصد یا اس سے زائد شیئرز رکھنے والے اراکین کی رضامندی موصول ہوتی ہے جو جغرافیائی طور پر الگ مقامات پر ہوں اور انہوں نے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنی ہو تو وہ اجلاس سے کم از کم 10 روز پہلے آگاہ کریں۔ کمپنی اس شہر میں اس سہولت کی دستیابی کی صورت میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی۔

کمپنی ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام سے متعلق سالانہ عام اجلاس سے کم از کم 5 دن قبل تمام ضروری معلومات فراہم کرے گی تاکہ انہیں اس سہولت تک رسائی فراہم کرنے کا اہل بنایا جائے۔

**خصوصی امور سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 سے متعلق دفعہ 134(3) کے تحت اعلامیہ**

یہ اعلان ان حقائق کو آگے بڑھاتا ہے جن کا تعلق یہاں درج خصوصی امور سے ہے اور 25 جنوری 2018 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے 23 ویں سالانہ عام اجلاس میں یہ کام انجام پذیر ہوں گے۔

**ایجنڈا آئیٹم 1:**

کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016 کے اطلاق کے ساتھ کمپنی کے قواعد وضوابط میں تبدیلی شیئر مالکان کی منظوری سے لائی جارہی ہے تاکہ الیکٹرانک ذرائع سے کمپنی کے عام اجلاس میں فیصلہ سازی کے لئے اراکین کو ای ووٹنگ کا آپشن دیا جائے۔

**ایجنڈا آئیٹم 2:**

ایس ای سی پی کی جانب سے ہارڈ کاپیوں کے بجائے سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی فراہمی کی ہدایت پر عمل درآمد کے حوالے سے ترسیل کے متعارف کردہ نئے طریقے کی منظوری اس قرارداد کا حصہ ہے۔

byco